Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ شعبان ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۸ جون ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری اجرائے سرکلر متعلق عدم تبدیل حلیہ ملزمان جیل	۱ و ۲ و ۳
۲	انتظام پولیس بانسداد بدمعاشی اشخاص لغزشتہ گان چوب وغیرہ	۳ و ۴
۳	نقشہ جات نرخنامہ اجناس و حیات و ممات	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳۰ مئی ۱۹۱۷ء

جیل میں شناخت ملزماں کے متعلق جو نقل سرکلر گورنمنٹ انگریزی شامل کاغذات ہے اسکی نسبت منظوری دیجاتی ہے کہ ریاست ہذا کے جیل میں بھی جاری کیا جائے تاکہ تبدیلی حلیہ وغیرہ سے جو دشواریاں شناخت ملزم میں ہوتی ہیں وہ دور ہو جائیں نقل سرکلر مشمولہ حکم ہذا صاحب ہوم سکریٹری صاحب کے پاس مرسل ہو وہاں سے جیلر کو برائے تعمیل اطلاع دیجائے اصل کاغذ

صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو کر حکم ہوا کہ درج گزٹ کرا دیا جاوے

[illegible]

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بحضور عرض — مہر سالم

جناب عالی

صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے ۲۰ مارچ کو یادداشت مفصل تحریر کر کے بتلایا ہے کہ ملزمان گرفتار شدہ جیل میں جانے کے بعد حلیہ تبدیل کر لیتے ہیں جس سے شناخت میں بہت دشواریاں ہوتی ہیں اور بعض اوقات ناکامی کی صورت دیکھنا پڑتی ہے ملزمان کبھی داڑھیاں بڑھا کر کبھی داڑھیاں منڈوا کر حلیہ تبدیل کر لیتے ہیں اور شناخت میں دقت ہوتی ہے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے تحریر کیا ہے کہ گورنمنٹ میں جو شناخت ملزمان کے متعلق سرکلر جاری ہے اُسکی نقل بغرض ملاحظہ بھیجتا ہوں جس میں یہ درج ہے کہ اسامیاں تبدیل لباس یا صورت ایسے طور پر نہ کرنے پاویں کہ شناخت دشوار ہو جاوے جب تک انکی شناخت نہ ہو جاوے وہ اپنے بال اُسی حالت میں رکھیں جیسا کہ وقت داخل ہونے حوالات کے تھے یعنی داڑھی نہ بڑھا لیویں یا نہ منڈا لیویں جب گواہان شناخت حاضر ہوں تو اسامیاں وہی کپڑے جو داخل ہونے کے وقت پہنے تھے پہنے رہیں بجز اُس صورت کے کہ صاحب مجسٹریٹ جو کارروائی مقدمہ کی کر رہے ہوں دوسرے طور پر حکم دیں نقل شمولہ میں تفصیلاً اندراج ہے لہذا کاغذات متعلقہ ارسال حضور ہو کر گذارش ہے کہ اگر مثل علاقہ گورنمنٹ شناخت ملزمان کا قاعدہ ریاست میں مقرر فرمایا جاوے تو مناسب ہے تاکہ شناخت ملزمان میں جو دقتیں پیش آ جاتی ہیں۔

والادب

[illegible] دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

نقل احکام صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس ممالک متحدہ

نمبر ۲۲ ۶۱۹ - ۱۳۱ - ۱۹۱۵ - مورخہ ۲۵ جون ۱۹۱۵ء احکام ذیل مجریہ صاحب انسپکٹر جنرل بہادر محابس واسطے آگاہی صاحبان سپرنٹنڈنٹ پولیس ممالک متحدہ کے مشتہر کیے جاتے ہیں۔

سرکلر میمو جاریہ صاحب انسپکٹر جنرل بہادر محابس ممالک متحدہ بنام جمیع صاحبان سپرنٹنڈنٹ جیل ممالک متحدہ مورخہ ۱۰ جون ۱۹۱۵ء مقام لکھنؤ۔

پولیس گزٹ انگریزی ۱۹ جون ۱۹۱۵ء صفحہ نمبر ۳۴۲

ملزمان زیر تجویز اپنی شباہت تبدیل نہ کرنے پاویں۔

آپکی توجہ نسبت دفعہ ۷۰۸ جیل مینوئل اور بالخصوص ہدایات متذکرہ سرکلر میمو نمبر ۲ مورخہ ۱۵ ستمبر ۱۹۱۰ء کے دلائی جاتی ہے۔

۲۔ معلوم ہوا ہے کہ ایسی صورتیں پیش آتی ہیں کہ اسامیاں زیر تجویز بحالت موجودگی جیل اپنی صورتیں بال ترشوا کر یا داڑھی منڈا کر یا بال بڑھا کر ایسی تبدیل کر لیتے ہیں کہ شناخت دشوار بلکہ غیر ممکن ہو جاتی ہے۔ ان وجوہ سے شناخت جو جیل کے اندر کیجاتی ہے عدالت میں چند روز بعد غیر ممکن یا بہت ہی دشوار ہو جاتی ہے۔

۳۔ یہ بھی واقع ہوا ہے کہ رجسٹر نمبر ۱۔ آسامیان زیر تجویز کا جب عدالت میں پیش کیا گیا تو خانہ ۱۰ نشانات حلیہ میں محبس کے اندر داخل ہونیکے وقت کی کیفیت بال کی نہیں لکھی ہے کہ ملزم بال منڈائے تھے یا [illegible] اور اس باعث شناخت میں سخت دشواری واقع ہوتی ہے۔ لہذا یہ تاکید کیجاتی ہے کہ ہنگام داخل ہونے محبس کے اسامیان زیر تجویز کے بال اور داڑھی کی جو کیفیت ہو بہ احتیاط لکھی جاوے۔ ملزمان کی دوسری شناخت کے علاوہ کیفیت مذکورہ ضرور لکھی جاوے۔ اور نیز یہ کہ بعد داخل ہونے محبس کے کسی طور پر وہ اپنی صورت تبدیل نہ کرنے پاوے۔

نقل سرکلر نمبر ۲ مورخہ ۱۵ ستمبر ۱۹۱۰ء مجاریہ صاحب انسپکٹر جنرل بہادر محابس ممالک متحدہ

بنام جملہ صاحبان سپرنٹنڈنٹ محابس ممالک متحدہ۔ حسب تحریک صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس ممالک متحدہ ہدایات ذیل متعلق شناخت آسامیان زیر تجویز اندر محبس جاری ہو کر تاکید کیجاتی ہے کہ احتیاط کے ساتھ انکی تعمیل کیجاوے۔

۱۔ حوالات میں جب آسامیان جنکی شناخت بعد جیل کے اندر گواہوں سے کرائی جاوے۔ داخل ہوں تو صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو لازم ہے کہ صاحب سپرنٹنڈنٹ محبس کو اطلاع دیجاوے یا کوئی پولیس افسر جسکا رتبہ

انسپکٹر سے کم نہو جیلر کو وقت داخل ہونے ایسی قیدیاں جلد جلد مطلع کرے جن
کی شناخت کی ضرورت ہوگی مطلع کریں۔

۲۔ ایسی اطلاع پانے پر سپرنٹنڈنٹ جیل ایسی ہدایات اجرا کرینگے
کہ اسامیاں تبدیل لباس یا صورت ایسے طور پر نہ کر پائیں کہ شناخت
دشوار ہو جاوے۔ جب تک انکی شناخت نہو جاوے وہ اپنے بال
اسی حالت میں رکھیں جیسا کہ وقت داخل ہونے حوالات کے تھے
یعنی داڑھی نہ بڑھالیویں یا نہ منڈالیویں جب گواہان شناخت
حاضر ہوں تو اسامیاں وہی کپڑے جو داخل ہونیکے وقت پہنے تھے
پہنے رہیں بجز اس صورت کے کہ صاحب مجسٹریٹ جو کارروائی
مقدمہ کی کر رہے ہوں دوسرے طور پر حکم دیویں۔

۳۔ مجسٹریٹ جو شناخت کی کارروائی کر رہے ہوں مجلس میں جو تعمیل
کیجائے گی وہ اپنے ذمہ لینگے اور ملازمان مجلس انکے حکم کی تعمیل کرینگے
جن آسامیوں کی شناخت کی جائیگی وہ دوسری اسامیوں کے ساتھ
ملاکر بٹھلائی جائینگی اور رنگ یا قد کو ایسا پوشیدہ نہ کریں کہ شناخت
غیر ممکن ہو جائے۔

۴۔ لباس کے مسئلہ میں کچھ مشکل پیش آتی ہے عموماً ہر ایک آسامی ہی
کپڑا جو داخل جیل ہونے کے وقت پہنے تھا پہنے رہے بجیس تبدیل
کرنے کی جدوجہد کی جاوے آسامیوں کو تبدیل لباس کی اجازت
نہ دیجائے اگر کوئی اسامی اپنا کپڑا اصلی نہ پہن سکے تو اسی قسم
کپڑا پہنیں یعنی اگر وہ کھیت کی مزدوری کرتا ہے تو سفید کپڑا
شہر کے رہنے والوں کی طرح نہ پہننے پاوے اور نہ شہر والے
کھیت کے مزدوروں کے طور پر۔ تاہم اگر کوئی آسامی کوئی
پوشاک نمایاں مثلاً گلابی پگڑی باندھے ہو یا خاص عجیب طرز کی رضائی
اوڑھے ہو اور گواہوں کو ایسی ہدایت ہوئی ہو کہ ایسے شخص کو
جو خاص قسم کی پوشاک میں ملبس ہو پہچانیں تو صاحب مجسٹریٹ تجویز
کرینگے کہ ایسی خاص قسم کا لباس پہنا جائے یا نہیں۔ یاد رکھنا چاہئے
کہ بعض صورتوں میں ایمان کے ساتھ شناخت اسی پر منحصر ہے کہ
آسامی خاص قسم کا کپڑا پہنے رہے شک کی صورت میں بہتر ہوگا
کہ آسامیاں وہی کپڑا پہنے رہے جو مجلس میں داخل ہونیکے وقت
پہنے تھے اور شناخت ہو جانے کی حالت میں ملزم کو اختیار دیا جائے
کہ گواہوں کی شناخت کی معتبری مشکوک ہونے کی غرض سے
اگر ضروری سمجھا جائے تو اجازت دیجائے کہ ایسی جرح کرے
کہ گواہوں کو بناوٹ کرنے کا موقع نہ ملے۔

دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۱۳ جون سنہ ۱۹۱۵ء

غریب رعایا باہر سے اوپلہ لکڑی بھوسہ وغیرہ کی گاڑیاں شہر میں فروخت
کرنے کے لیے لاتی ہیں اس کی بابت معلوم ہوا ہے کہ بعض لوگ دروازہ ہائے شہر پر
پہونچکر یا جہاں گاڑیاں آکر ٹھیرتی ہیں وہاں پہونچکر قیمت کا تصفیہ کرکے
گاڑی اپنے مکان کو لیجاتے ہیں اور جب مال اوتروا لیتے ہیں تو قیمت
طے شدہ سے کم دام دیتے ہیں غریب رعایا کچھ عذر کرتی ہے تو جبرو
خود اختیاری سے کام لیا جاتا ہے اور بجبر انکو نکال دیا جاتا ہے یہ طریقہ
خلاف معدلت باعث تکلیف و پریشانی رعایا ہے لہذا اس کا انسداد
پولیس سے لازمی ہے ہر ایسے موقعہ پر جہاں گاڑیاں اوپلہ وغیرہ کی
کھڑی ہوتی ہیں یا ایسے ناکوں پر جہاں سے خریدار ٹھیرا کر اپنے گھر لیجاتے ہیں
پولیس نگراں موجود رہے اور برابر جانچ و اندازہ ایسے معاملات کا
کرے جس کی جانب سے ایسی بدمعاملگی پائی جائے تو پولیس سے ضابطہ کی
کارروائی کیجائے انسپکٹر و سب انسپکٹر کوتوالی و گنج کامل توجہ کریں

صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بھی توجہ کریں اور خیال رکھیں کہ پولیس کے عمل سے بجائے امن و آسائش رعایا کو تکلیف نہ پہونچے اگر چند روز کافی نگرانی رکھی گئی تو یقین ہے کہ انشاءاللہ اس کا ہو جائیگا پولیس کے انتظام و کوشش سے جس قدر جلد و عمدہ نتیجہ نکلے گا موجب خوشنودی مزاج اعلیحضرت دام اقبالہم و ملکہم ہوگا اور ہم بھی کارروائی پولیس سے مطمئن و خوش ہونگے

حکم ہوا

نقل روبکار برائے درج گزٹ مرسل ہو۔ ایک نقل اسکی صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس جلد بھیجدیجائے تاکہ وہ متعلقہ افسران و اہلکاران کو برائے تعمیل حکم ہذا سے مطلع کر دیں۔

دستخط
صاحب چیف سکرٹری بہادر

مجریہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۲۵
مطبوعہ ۱۸ جون ۱۹۱۷ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اپریل ۱۹۱۷ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد ہندو	تفصیل پیدائش: عورت مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے کم: مرد	ایک سال سے کم: عورت	ایک سال سے ۱۲ سال تک: مرد	ایک سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۴	۹	۲۱	۳	۵۷	۴۵	۱۲	۸	۱۳	۷	۱۲	۳۱	۴۹	۴۶	۷۴	۹۰	۳۰	۰	۷	۰	۵۷	۰	۰	۵۶	۱۲۰	
گنج	۱۷	۷	۹	۵	۳۸	۲۶	۱۲	۸	۴	۵	۱	۱۴	۱۱	۲۷	۱۶	۳۸	۵	۰	۰	۴۳	۰	۰	۰	۰	۴۳	
حوالی شہر	۷	۲۵	۱۰	۷	۴۹	۱۷	۳۲	۲	۱	۳	۳	۱۸	۶	۲۳	۱۰	۱۶	۱۷	۰	۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۳۳	
عظیم نگر	۱۰	۱۲	۱۳	۹	۴۴	۲۳	۲۱	۳	۲	۱	۳	۲۰	۱۴	۲۴	۱۹	۱۹	۲۴	۰	۰	۰	۴۳	۰	۰	۰	۴۳	
شاہ آباد	۱۷	۶۵	۱۴	۳۶	۱۳۲	۳۱	۱۰۱	۲۲	۱۴	۲	۲	۴۲	۱۲	۶۶	۲۸	۱۲	۸۲	۰	۰	۰	۹۴	۰	۰	۰	۹۴	
چوائی	۸	۱۵	۵	۱۶	۴۴	۱۳	۳۱	۴	۶	۱	۰	۱۵	۳	۲۰	۹	۶	۲۳	۰	۰	۰	۲۹	۰	۰	۰	۲۹	
ملک	۲۲	۸۰	۱۲	۶۶	۱۸۰	۴۴	۱۳۶	۲۳	۲۱	۵	۳	۷۰	۵۱	۹۰	۷۵	۲۸	۱۳۵	۰	۰	۰	۱۶۲	۰	۱	۰	۱۶۳	
بلاسپور	۳۷	۲۶	۲۳	۲۴	۱۱۰	۶۰	۵۰	۴	۱۳	۱۰	۸	۶۱	۴۳	۷۵	۶۴	۸۴	۵۵	۰	۰	۱۰۹	۳۰	۰	۰	۰	۱۳۹	
کیمری	۱۵	۵۱	۱۰	۴۴	۱۲۰	۲۵	۹۵	۶	۷	۵	۲	۲۴	۲۷	۵۶	۳۶	۲۲	۷۰	۱	۰	۰	۹۱	۰	۰	۰	۹۲	
سوار	۴۰	۳۳	۲۰	۲۲	۱۱۵	۶۰	۵۵	۹	۹	۶	۶	۶۵	۴۰	۸۰	۵۵	۷۶	۵۹	۰	۰	۰	۱۳۵	۰	۰	۰	۱۳۵	
ٹانڈہ	۱۸	۱۶	۲۷	۲۹	۹۰	۲۵	۶۵	۶	۸	۰	۱۳	۳۹	۱۹	۴۶	۲۱	۵۴	۱۳	۰	۰	۰	۶۷	۰	۰	۰	۶۷	
میزان	۲۱۵	۳۳۹	۱۶۴	۲۶۱	۹۷۹	۳۶۹	۶۱۰	۹۷	۹۸	۴۵	۴۲	۴۱۹	۲۷۹	۵۶۱	۴۱۶	۴۴۳	۵۱۵	۱	۷	۱۵۲	۷۴۱	۰	۱	۵۶	۹۵۸	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۴ لغایت ۱۰ جون ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ ار			۱۰ ار	۱۱ ار		تحصیل شاہ آباد و ملک و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۲ ار			۱۳ ار	۱۴۰۱ ار		
نخود کسہ آمیز	۱۳۰۱ ار			۱۵ ار	۱۵۰۱ ار		
کستہ	۱۴ ار			۱۶ ار	۱۷۰۱ ار		
ماش	۸۰ ار			۸ ار	۸ ار		
مونگ	۸۰ ار			۸ ار	۸ ار		
مکا	۱۲۰ ار			۰	۱۴۰ ار		
جئی	۰			۱۶ ار	۱۶۰ ار		
گوجئی	۰			۱۲ ار	۱۶ ار		
عدس	۹۰ ار		۰	۱۰ ار	۱۱ ار		
ارہر	۱۴ ار			۰	۱۶۰ ار		
برنج	۸ ار			۸ ار	۵۸ ار		
روغن زرد	۰ ار			۰ ار	۰ ار		
روغن سیاہ	۲ ار			۲ ار	۰۲ ار		
روغن کنجد	۱۰ ار			۱۰ ار	۰ ار		
نمک سانبھر	۱۰ ار			۱۱ ار	۱۲ ار		
نمک لاہوری	۰			۸ ار	۱۰۰ ار		
قند سیاہ	۴ ار			۴ ار	۵ ار		
...	۱۰ ار			۰	۱۰ ار		